سوال

(763) منفرد نماز پڑھنے والا اگر دوسری جماعت کی اقامت سنے تو کیا کرے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جماعت ختم ہونے کے بعد آنے والا فرض نماز پڑھ رہا ہو اور جماعت ثانیہ کی اقامت سنائی دے تو اسے جماعت میں شامل ہونا فرض ہے یا اپنی نماز جاری رکھے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہتر یہ ہے کہ ایسا شخص اپنی انفرادی فرض نماز جاری رکھے ۔ کیونکہ جماعت ثانیہ کا صرف جواز ہے ، اس کی پہلی جماعت جیسی تاکید نہیں ، پھر جماعت ثانیہ کے جواز میں اختلاف بھی اس امر کا مؤید ہے ۔ اگرچہ ہمارے نزدیک اصل جواز ہے ۔ ملاحظہ ہو! (فتاوی مولانا شمس الحق عظیم آبادی ص ۱۷۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :649

محدث فتویٰ